# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

3

Date: 07 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ رامیشورم میں وزیر اعظم کے ہاتھوں ملک کے پہلے ورٹیکل لفٹ ریلوے پل کا افتتاح۔

☆ گزشتہ ہفتے غیر موسمی بارش سے متاثرہ فصلوں کا سروے کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے: وزیرِ زراعت کوکاٹے کی اطلاع۔

☆ گزشتہ سال کے مقابلے اس سال چینی کی پیداوار میں 27 اعشاریہ 68 لاکھ میٹرک ٹن کی کمی آئیگی، پونے شوگر کمشنریٹ کی جانب سے اعداد وشمار جاری۔

☆ بھارتیہ جنتا پارٹی کا 45 واں یومِ تاسیس مختلف تقاریب وسرگرمیوں کے ساتھ منایا گیا۔

اور۔۔۔☆ ملک بھر میں رام نومی تہوار کی تقاریب کا جوش وخروش اور روایتی عقیدت واحترام کے ساتھ اہتمام۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے پچھلے دس سالوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے بجٹ میں چھ گنا اضافہ کیا ہے۔ وزیر اعظم، کل تمل ناڈو کے رامیشورم میں سمندر پر تعمیر شدہ بھارت کی اوّلین ورٹیکل لفٹ، پمبن ریلوے پُل اور مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد منعقدہ ایک اجتماعِ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں بنیادی سہولیات فراہمی کا کام تیزی سے ہو رہا ہے اور گذشتہ دس سالوں میں بھارت نے اپنی معیشت میں دوگنا اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے ممبئی کے اَٹل سیتو سمیت ملک بھر میں تعمیر کردہ پلوں کی مثالیں دیں اور ریلوے کے مختلف منصوبوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

پمبن ریلوے پل 550 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے اور اسے مشترکہ کنکشن تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے بنایا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ نیا ریلوے پل رامیشورم اور چنئی کے درمیان آمدورفت کو مزید بہتر بنائے گا، اور مسافروں اور مال بردار شعبے کے ساتھ سیاحت کو بھی اس پُل کا فائدہ پہنچے گا۔

***** ***** *****

وزیر زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے کہا کہ ریاست میں گزشتہ ہفتے کی غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصانات کا پتہ لگانے کیلئے ضلع کلکٹرس اور زرعی افسران کو احکامات دیے گئے ہیں۔ وہ' گذشتہ روز سنندور بار تعلقے کے غیر موسمی بارش سے متاثرہ تھانے پاڑا شیوارا میں پیاز کی کاشت کا معائنہ کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے 24 اضلاع اور 103 تعلقے بے موسمی بارش سے متاثر ہوئے ہیں، اور نقصانات کی حقیقی معلومات پنچناموں کے بعد معلوم ہوں گی۔ کوکاٹے نے بتایا کہ وہ' وزیر اعلیٰ اور دونوں نائب وزرائے اعلیٰ کے ساتھ امداد کی فراہمی کے موضوع پر تبادلہ خیال کریں گے اور پیاز کی فصل کے سلسلے میں مرکز سے مدد طلب کرنے کیلئے مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان کو بھی ایک تجویز بھیجی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاست میں مارچ کے اواخر تک گنّے کی کشید ہنگام رپورٹ کے مطابق 80 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی پیداوار ہوئی ہے۔ گنّے کی کمی کے باعث 200 شکر کارخانوں میں سے 189 شکر کارخانے بند ہو چکے ہیں اور فی الحال صرف 11 شکر کارخانوں میں گنّے کا کشید ہنگام جاری ہے۔ واضح رہے[3] کہ گزشتہ سال کے مقابلے اس سال چینی کی پیداوار میں 27 اعشاریہ 68 لاکھ میٹرک ٹن کی کمی واقع ہوئی ہے۔ پونے کے شوگر کمشنریٹ کے مطابق اس سال 92 تا 104 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی پیداوار متوقع ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں بجلی تقسیم کار کمپنی مہاوِترن بورڈ کا دفتر وزیر اعظم سوریہ گھر یوجنا کے تحت شمسی توانائی پر چلنے والا ریاست کا پہلا مہاوِترن دفتر بن رہا ہے۔ کمپنی کے ممبئی میں ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر ڈی آر اونڈھیکر نے عنقریب اس دفتر کا افتتاح ہونے کی اطلاع دی ہے۔ گزشتہ روز اس سولر نظام کا معائنہ کرنے کے بعد وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کا 45 واں یوم تاسیس کل مختلف تقاریب کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے پارٹی کارکنان کو مبارکباد دیتے ہوئے ان سے ملک کی ترقی کیلئے بے مثال تعاون دینے اور ترقی یافتہ بھارت کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کی اپیل کی۔

ناگپور میں مہال میں واقع تلک مجسّمے کے قریب پارٹی کے دفتر کا سنگ بنیاد رکھ کر بی جے پی کا یوم تاسیس منایا گیا۔ اس موقعے پر وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، مرکزی وزیر نتن گڈکری اور بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باونکولے بھی موجود تھے۔

ناندیڑ میں بی جے پی کے یوم تاسیس کی مناسبت سے رکنِ پارلیمان اشوک چوہان کے ہاتھوں بی جے پی دفتر میں پرچم کشائی کی گئی۔

دھاراشیو میں رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے پنڈت دین دیال اپادھیائے اور شیاما پرساد مکھرجی کی تصاویر کی پوجا کر کے پارٹی دفتر میں پرچم کشائی کی۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شری رام جنم اُتسو، یعنی رام نومی کا تہوار کل ملک بھر میں جوش وخروش اور روایتی عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔ اس مناسبت سے مختلف رام مندروں سمیت گھروں میں دوپہر 12 بجے رام جنم کا جشن منایا گیا۔ ایودھیا کے رام مندر میں کل دوپہر 12 بجے ایک خصوصی روشنی جشن کا اہتمام کیا گیا۔ اس مناسبت سے دنیا بھر سے ایودھیا آنے والے عقیدت مندوں پر ڈرون کے ذریعے سریوندی کے پانی کا چھڑکاؤ کیا گیا۔ ساتھ ہی مندر میں شمعیں روشن کر کے خوشی و مسرت کا اظہار کیا گیا۔

ریاست بھر میں بھی رام نومی کا تہوار روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر کے مختلف رام مندروں میں آرتی، خیر سگالی جلوس، مہا پرساد، کیرتن وغیرہ کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف مقامات پر منعقدہ گیت رامائن تقاریب کو عقیدت مندوں کی خاصی پذیرائی ملی۔

ہنگولی شہر میں کل صبح ایک ریلی نکالی گئی؛ جبکہ بیڑ شہر میں بھی دو پہیہ گاڑیوں کی ریلی میں شہریان نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔

جالنہ شہر اور ضلعے میں رام نومی جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔ شام کے وقت شہر کے گاندھی چمن چوک سے ایک جلوس نکالا گیا۔ سمرتھ رام داس سوامی کی جائے پیدائش جامب سمرتھ مندر میں مختلف مذہبی اجتماعات منعقد ہوئے۔

ناندیڑ میں شری رینوکا ماتا مندر سے ایک خیر سگالی جلوس نکالا گیا۔جبکہ دھاراشیو کے سمرتھ نگر علاقے میں واقع رام مندر میں شری رام کا جنم دن بڑے عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔اس موقع پر منعقدہ عطیہ خون کیمپ میں 29افراد نے اپنے خون کا عطیہ دیا۔

پربھنی اور لاتور اضلاع میں بھی مختلف سرگرمیوں کے ذریعے رام نومی منائی گئی۔

ناسک کے شری کالا رام مندر میں بھی رام جنم کا جشن جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

شرڈی کے سائی بابا مندر میں شری رام نومی تہوار کے مرکزی دن ،مختلف مذہبی تقاریب کا اہتمام ہوا۔اس دوران سائی بابا سمادھی صد سالہ ستون کے کی پوجا کی گئی اور پرچم تبدیل کیا گیا۔اس موقعے پر ریاست بھر سے عقیدت مند پیدل شرڈی پہنچے۔

واشم کے پوہرادیوی میں رام نومی اور سنت سیوالال مہاراج کے یوم پیدائش کی تقاریب منعقد ہوئیں۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ورچول طریقے سے تقریب سے خطاب کیا۔انہوں نے پوہرادیوی مذہبی مقام کی ترقی کیلئے فنڈز کی کمی نہ ہونے دینے کا تیقن بھی دیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر جینتی کے موقعے پر ''ہفتۂ مطالعہ'' کا آج آغاز ہوگا۔اس دوران 14 اپریل تک لیکچرز ،شاعری ،عطیہ خون کیمپ ،شعری مجالس سمیت دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع مزدور فیڈریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پانچ سالہ معیاد کے انتخابات میں بی جے پی اور شیوسینا اتحاد نے زبردست کامیابی درج کی ہے۔اس انتخاب میں چار امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہوئے جبکہ بقیہ نو امیدواروں کے ووٹوں کی گنتی کل کی گئی۔جس میں آٹھ نشستوں پر مہایوتی کے امیدوار جبکہ ایک نشست پر مہاوکاس آگھاڑی کا امیدوار منتخب ہوا۔

***** ***** *****

پربھنی کے سرکاری طبّی کالج اور اسپتال کے تحت سنٹر آف ایڈوانس انڈوسکوپی سسٹم کا' کل رکن پارلیمان سنجے جادھو کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔ضلع سول سرجن ڈاکٹر ناگیش لکھماوار ،طبّی کالج کے ڈپٹی ڈین ڈاکٹر راجیند رانکوشے اس موقعے پر موجود تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے مرکزی بس اسٹینڈ کو عارضی طور پر کوٹھا میدان میں منتقل کرنے کی اطلاع ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے دی ہے۔ مرکزی بس اسٹینڈ کو ریلوے اسٹیشن سے جوڑنے والے راستے کی مرمت کیلئے محدود مدت کیلئے یہ منتقلی کی گئی ہے۔اس فیصلے کے مطابق قدیم بس سٹینڈ 12 اپریل سے بند کردیا جائے گا۔ضلع انتظامیہ نے متعلقہ محکمے سے راستے کا کام مقررہ وقت سے پہلے ہی مکمل کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

رکن اسمبلی سندیپ شرساگر نے بیڑ ضلعے میں گزشتہ دو دنوں کے دوران غیر موسمی بارش سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لے کر کسانوں کو فوری طور پر معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ انتظامیہ سے کیا ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے وزیر اعلیٰ اور وزیرِ زراعت کو ایک مطالباتی مکتوب بھی ارسال کیا ہے۔

***** ***** *****

کوکن کے مختلف مقامات پر کل بے موسمی بارش ہوئی۔

اس دوران ریاست میں کل‘ سب سے زیادہ درجہ حرارت چندر پور میں 41اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں، دھاراشیو اور پر بھنی میں اوسطاً درجہ حرارت 37ڈگری سیلسیس درج ہوا، جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر اور بیڑ میں 39ڈگری سیلسیس سے زیادہ درجہ حرارت درج کیا گیا۔

دریں اثنا‘ پونے محکمہ موسمیات نے کوکن، وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور ودربھ میں آئندہ دو دنوں میں موسم خشک رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** ****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ رامیشورم میں وزیر اعظم کے ہاتھوں ملک کے پہلے ورٹیکل لفٹ ریلوے پل کا افتتاح۔

☆ گزشتہ ہفتے غیر موسمی بارش سے متاثرہ فصلوں کا سروے کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے: وزیرِ زراعت کوکاٹے کی اطلاع۔

☆ گزشتہ سال کے مقابلے اس سال چینی کی پیداوار میں 27اعشاریہ 68لاکھ میٹرک ٹن کمی آئیگی، پونے شوگر کمشنریٹ کی جانب سے اعداد وشمار جاری۔

☆ بھارتیہ جنتا پارٹی کا 45واں یومِ تاسیس مختلف تقاریب و سرگرمیوں کے ساتھ منایا گیا۔

اور۔۔۔☆ ملک بھر میں رام نومی کا تہوار جوش و خروش اور روایتی عقیدت کے ساتھ منایا گیا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****